ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

MEDIA REFLECTIONS

JULY-2005

Prepared By
Jenab Eishan Ahmad Dar
Media Consultant
Humsafar Marriage Counselling Cell

05 JULY 2005 SRINAGAR TIMES

HUMSAFAR MARRIAGE COUNSELLING CELL (HMCC)

ھمسفر میریج کونسلنگ سیل

Dated:- 5/07/2005. گول مارکیٹ، کرن نگر، سرینگر (Srinagar times).

زیر اہتمام: اسلامک دعوت سینٹر، باغ سندر بالا، کاک سرائے سرینگر

اغراض ومقاصد

۱۔ نکاح اور شادی کو آسان سے آسان تر اور کم سے کم لاگت پر منعقد کرانے اور انجام دینے کیلئے لوگوں کو تیار کرنا۔

۲۔ نکاح کسی سماجی دیکھا دیکھی اور رسموں کی وجہ سے بہت بڑی عمر میں کرنے کی ریت کو ختم کرنے کیلئے اصلاحی طور جدوجہد کرنا۔

۳۔ نکاح کیلئے ملازم پیشہ لڑکی ہونے کی شرط رکھنے والی مادیت پرست ذہنیت کو دیندار ذہنیت میں تبدیل کرنے کیلئے کام کرنا۔

۴۔ سماج کے ذی شعور افراد اور صاحب وجاہت شخصیات (جن میں مساجد کے ائمہ کرام بھی شامل ہیں) کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ وہ اپنے اپنے علاقہ جات میں ہونے والے نکاح اور شادیاں کسی شیطانی رسم اور اسراف کے بغیر انجام دینے کیلئے لوگوں کو تیار کریں۔

۵۔ نکاح کے خواہشمند لوگوں کو ان کے مناسب جوڑ کے لڑکوں اور لڑکیوں تک شرعی دائرہ اخلاق کے اندر رہ کر رسائی بہم پہنچانا۔

۶۔ نکاح منعقد کرانے سے پہلے نکاح سے متعلق مختلف احکام اور معاملات کا علم حاصل کرنے کیلئے لڑکے اور لڑکی کو لٹریچر فراہم کرنا۔

۷۔ نکاح سے متعلق احکام اور معاملات کو عملانے کا جذبہ اور تڑپ پیدا کرنے کیلئے علمائے کرام کی دینی مجالس اور دینی سیمینار منعقد کرنا۔

۸۔ جو لوگ اپنے نکاح ہر غیر شرعی رسم کے بغیر، ہر خرابی اور برائی کے بغیر، آسان اور کم لاگت پر کرنا چاہیں، ان کا ہر ممکن تعاون اور امداد کرنا۔

۹۔ جہیز کا مطالبہ کرنے والے ظالم لڑکوں، اور جہیز کا مطالبہ کرنے والے ظالم والدین کو اس ظلم سے روکنے کیلئے اصلاحی جدوجہد کرنا۔

۱۰۔ نکاح کے موقعہ پر لڑکی کی طرف سے یا لڑکی والوں کی طرف سے لڑکے سے مہر کے علاوہ کسی اور چیز کا مطالبہ کرنا جیسی غیر شرعی حرکت سے لڑکی والوں کو روکنا اور نصیحت کرنا۔

۱۱۔ جو لوگ نکاح کا ضروری خرچ نہ ہونے کے سبب بغیر نکاح کے رہتے ہوں جیسے بیوہ عورتیں، یتیم وغیرہ ان کے نکاح انجام دینے کیلئے ضروری اخراجات مہیا کرنے کی کوشش کرنا۔

۱۲۔ ان لڑکوں اور لڑکیوں کے والدین اور سرپرستوں کو جن کے نکاح اور شادیاں مستقبل میں ہونے والی ہوں کو اس بات پر تیار کرنے کی کوشش کرنا کہ وہ اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کے نکاح اور شادیاں شریعت کے منشاء کے مطابق انجام دیں، اور اس کے لئے اپنی اولاد کو بھی تیار کریں۔ اس کیلئے بھی ہمارے اس ادارہ نے جدوجہد (کمپین) شروع کردی ہے جس کی وجہ سے اب تک الحمدللہ پچیس سے زائد افراد نے اپنے نام ہمارے آفس میں درج کرادیئے ہیں۔

۱۳۔ یہ ادارہ (HMCC) ان تمام افراد (لڑکوں اور لڑکیوں) کی بھرپور حوصلہ افزائی کرے گا جو وادی کشمیر میں کسی بھی جگہ اپنا نکاح اور شادی شریعت کے منشاء کے مطابق انجام دیں گے۔

۱۴۔ میریج کونسلنگ سیل کی خدمات کشمیر کے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے کشمیر کے مختلف اضلاع میں نمائندے اور ممبر مقرر کرنا۔